Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | مئگل 04 فروری 2025ء، 5 شعبان المعظم 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 286

تفرقے اور سیاست کا نہیں، دہشتگردوں سے مقابلے کا وقت ہے، وزیراعظم

امید ہے قربانیوں کے کے نتیجے میں انشاءاللہ پاکستان، بلوچستان اور خیبر پختونخوا امن کا گہوارہ بنیں گے جو کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے سفر کی لازمی شرط ہے

پوری قوم سے کہنا چاہتا ہوں کہ یہ تفرقے اور سیاست کا وقت نہیں ہے، ہم سیاست کر لینگے مگر آج جو مسئلہ درپیش ہے اتفاق واتحاد سے اس کا مقابلہ کرلیں، شہباز شریف

کوئٹہ (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ کفار میں پرسوں انتخابی اندوہناک واقعہ ہوا، جس میں 18 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا اور 23 خوارج جہنم رسید ہوئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں دہشتگردی کی جو جنگ لڑ رہے ہیں اس کے خاتمے کیلئے اپنے خون کا نذرانہ پیش کرنے جوانوں اور غازیوں کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے اور ان کے ساتھ انکا پیچھے کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں زخمیوں کی عیادت کرونگا (بقیہ نمبر 01)

سیاست کا نہیں دہشت گردوں سے مقابلے کا وقت ہے۔ امن وامان کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف ایس ایف ڈی کے چیف ایگزیکٹیو سلطان بن عبدالرحمٰن سے مصافحہ کر رہے ہیں

مریم نواز نے مخالفین کی نیندیں اڑا دیں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز کارکردگی سے دلوں میں جگہ بنا رہی ہیں، جن کو مریم کیساتھ مقابلے کا شوق ہے وہ ان جیسی کارکردگی بھی دکھائیں

مریم نواز اپنے طرز حکومت اور گڈ گورننس کی وجہ سے باقی صوبوں میں بھی مقبول ہو رہی ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز کی بےمثل معقولیت سے پچھلے لوگ خوفزدہ ہیں۔ اپنے ایک بیان میں وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اپنی کارکردگی کے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنا رہی ہیں (بقیہ نمبر 07)

پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر میاں نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مختلف اضلاع کے ارکان اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

مریم نواز کی محنت پنجاب میں ترقی سرچڑھ کر بولنے لگی، نواز شریف

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے راولپنڈی، اٹک، مری، چکوال، وزیر آباد، حافظ آباد اور منڈی بہاؤالدین سے تعلق رکھنے والے پنجاب اسمبلی کے ارکان نے ملاقات

ملک کی مجموعی صورتحال، عوام کے مسائل اور حلقوں میں ترقیاتی منصوبے زیر غور آئے۔ ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو صوبے میں بہترین کارکردگی پر خراج تحسین بھی پیش کی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے راولپنڈی، اٹک، مری، چکوال، وزیر آباد، حافظ آباد اور منڈی بہاؤالدین سے تعلق رکھنے والے پنجاب اسمبلی کے ارکان نے ملاقات کی۔ جس میں ملک کی مجموعی صورتحال، عوام کے مسائل اور حلقوں میں ترقیاتی منصوبے زیر غور آئے۔ ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو صوبے میں بہترین کارکردگی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز شریف نے نواز شریف اور شہباز شریف کے دور اور کارکردگی کی یاد تازہ کر دی ہے، سیاسی تعصبات سے پاک شفافیت اور میرٹ پر ترقیاتی کاموں کی مثبتی خوش آئیند اور مثبت سیاسی روایت ہے۔ ارکان اسمبلی نے کہا کہ سستی اور وزارکھا دکی دستیابی پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف مبارک اور شہائی کی مستحق ہیں، کسان کارڈ کی وجہ سے آٹھ سو تحصیل سے پھٹرا ملنے پر کاشتکار خوشحال ہوا محنت کے پورے کام کی بہترین، مفت (بقیہ نمبر 2)

وفاقی وزیراطلاعات عطاءتارڑ اے پی پی ایسوسائیشن کے عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

افغان نائب گورنر کا بیٹا بھی پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث

سیکیورٹی فورسز نے 30 اور 31 جنوری کی رات ڈیرہ اسمٰعیل خان کی تحصیل کلاچی کے علاقے ٹڈی میں آپریشن کیا

ہلاک دہشت گردوں میں افغانستان کے صوبے پانجشیر کے نائب گورنر مولوی غلام محمد احمدی کا بیٹا بھی شامل تھا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) افغانستان کے صوبے پانجشیر کے نائب گورنر کے بیٹے کے پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، افغان حکام نے بدرالدین عرف یوسف کی لاش لینے سے انکار کردیا۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے 30 اور 31 جنوری کی رات ڈیرہ اسمٰعیل خان کی تحصیل کلاچی کے علاقے ٹڈی میں آپریشن کیا جس میں فتحید الغوار کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں میں افغانستان کے صوبے پانجشیر کے نائب گورنر مولوی غلام محمد احمدی کا بیٹا (بقیہ نمبر 40)

وزیراعظم میاں شہباز شریف امن وامان کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان اور SFD کے مابین 1.61 ارب ڈالر کے معاہدے

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان آئل امپورٹ فنانسنگ فیسلٹی پر ایم او یو (مفاہمتی یادداشت) سائن ہوگیا

وزیراعظم SFD سے مایوس کو رہا ہوا کر گرین انرجی ٹیلی ذخائر کے شعبے میں SFD کیساتھ اشتراک کرنے سے منصوبوں کی رفتار کو تیز کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان آئل امپورٹ فنانسنگ فیسلٹی پر ایم او یو (مفاہمتی یادداشت) سائن ہوگیا جس کے تحت پاکستان کو ایک سال کیلئے 1.20 ارب امریکی ڈالر تیل متوجر ادائیگی پر ملے گا۔ سرکاری میڈیا کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے آج سعودی فنڈ فار ڈیولپمنٹ (SFD) کے وفد نے سلطان بن عبدالرحمٰن المرشد، چیف ایگزیکٹو آفیسر CEO کی قیادت میں ملاقات کی۔ وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کیا اور سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دیرینہ دوستی کا حوالہ (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سعودی فنڈ فار ڈیولپمنٹ (SFD) کے وفد کی سلطان بن عبدالرحمٰن المرشد، چیف ایگزیکٹو آفیسر CEO کی قیادت میں ملاقات

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹجک ڈیفنس کوآپریشن کا معاہدہ

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان آئل امپورٹ فنانسنگ فیسلٹی پر ایم او یو (مفاہمتی یادداشت) پر دستخط کئے جا رہے ہیں

پنجاب 2 کروڑ 33 لاکھ بچوں کو پولیو قطرے پلائینگے، سلمان رفیق

وزیر صحت نے گورنمنٹ مزنگ ٹیچنگ ہسپتال میں 2025 کی پہلی سات روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا افتتاح کیا

انسداد پولیو مہم کے دوران ٹیمیں گھر گھر قطرے پلانے جائیں گی، پولیو ٹیموں کو ہر گھر پر دستک دینے کی تلقین کی گئی ہے

لاہور (عوامی للکار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے گورنمنٹ مزنگ ٹیچنگ ہسپتال پنجاب کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عظمیٰ کاردار، سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پنجاب کی موجودگی میں 2025 کی پہلی سات روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات

انداد اسمگلنگ کارروائیاں، کروڑوں کی منشیات برآمد

کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار، 12.636 کلو منشیات برآمد کرلی، ترجمان

راولپنڈی (حماق ندیم سے) اے این ایف کی انداد اسمگلنگ کارروائیوں میں 2 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کرلی گئی۔ ترجمان کے مطابق ایشیائی نارکوٹکس فورس کی مختلف شعبوں اداروں کے کردوائے اور کے مختلف شعبوں میں منشیات اسمگلنگ کے (بقیہ نمبر 6 4)

جنوری 2025 میں مہنگائی کی شرح 241 فیصد پر آگئی، ادارہ شماریات

سوئلنر کا کورٹ مارشل کسی صورت نہیں ہوسکتا، فوجی عدالتوں کا طریقہ کار شفاف ٹرائل کے تقاضوں کے برخلاف ہے

جنوری میں مہنگائی کی شرح میں 0.20 فیصد اضافہ دیکھا گیا، جنوری میں شہروں میں مہنگائی میں 0.19 فیصد کا اضافہ ہوا

اسلام آباد (رویت فیصل سے) ادارہ شماریات پاکستان نے مہنگائی سے متعلق ماہانہ رپورٹ جاری کردی جس میں بتایا گیا ہے کہ جنوری 2025 میں مہنگائی کی شرح 2.41 فیصد پر آگئی ہے۔ ادارہ شماریات پاکستان کی رپورٹ میں کہا گیا کہ جنوری 2025 میں مہنگائی کی شرح 2.41 فیصد پر آگئی، دسمبر 2024 میں مہنگائی کی شرح 4.07 فیصد ریکارڈ کی گئی تاہم جولائی 2024 تا جنوری 2025 کی شرح 6.50 فیصد رہی۔ دسمبر کے مقابلے جنوری میں مہنگائی کی شرح میں 0.20 فیصد اضافہ دیکھا گیا، جنوری میں (بقیہ نمبر 3 5)

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان آئل امپورٹ فنانسنگ فیسلٹی پر ایم او یو (مفاہمتی یادداشت) پر دستخط کئے جا رہے ہیں

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جج ٹرانسفر کو خوش آئند قرار دیا

ایک بلوچی بولنے والا، سندھی بولنے والا جج آیا، وفاق پورے ملک کا ہے، آرٹیکل 200 کے تحت اچھا اقدام ہے

مزید ججز بھی دیگر صوبوں سے آنے چاہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ میں آئے ججز کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے، چیف جسٹس

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے ججز ٹرانسفر کو خوش آئند قرار دیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے پریس ایسوسی ایشن کی حلف برداری کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز ٹرانسفر پر بات کرنا چاہتا ہوں، اسلام آباد وفاق کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کسل بیٹھا جاتا ہے کہ آپ خیفل میں بن کر آئیں، میں کیوں نہ آئیں (بقیہ نمبر 61)

سندھ بار اور بلوچستان بار نے ججز تعیناتی خوش آئند قرار دیدی

کراچی / کوئٹہ (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور بلوچستان ہائی کورٹ بار نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں دوسرے صوبوں سے ججز کی تعیناتی کو (بقیہ نمبر 57)

کرم، جرگے سے مسائل پر قابو پالیا ہے، علی امین گنڈاپور

امن کی راہ میں روڑے اٹکانے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا خواجہ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ کرم میں جرگے کے ذریعے بڑے مسائل پر قابو پالیا گیا ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کرم میں قیام امن کیلئے حکومت نے سنجیدہ اقدامات کیے ہیں (بقیہ نمبر 5 6)

AWAMI HOST
A WHOLE SALE HOSTING COMPANY
Visit now: www.awamihost.top

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

ملٹری کورٹس میں اسپیڈی ٹرائل ہوتا ہے، جسٹس حسن

دھماکا کرنیوالے اور عام سویلینز میں کیا کوئی فرق نہیں؟ دریدارکس

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس حسن اکبر رضوی نے کہا ہے کہ دھماکا کرنے والے، ملک و دین جاسوسی کے سازباز کرنے والے اور عام سویلینز میں کوئی فرق نہیں؟۔ سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے کیس کی سماعت کے دوران جسٹس (ر) جواد ایس خواجہ کے وکیل خواجہ احمد حسین نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ سویلینز کا (بقیہ نمبر 9 5)

چوہنگ، وکیل کو گھر کی دہلیز پر فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا

نوید بچوں کو سکول چھوڑ کر گھر پہنچا تھا، موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کردی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے چوہنگ میں وکیل کو گھر کی دہلیز پر فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق چوہنگ میں وکیل طلحہ نوید جیل گیٹ کے گیٹ کے قریب پہنچا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی جس سے نوید موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور جائے وقوعہ سے شواہد اٹھائے کر کے (بقیہ نمبر 60)

شاہ کرالہ خان کی گورنر فیصل کریم کنڈی سے ملاقات

خیبر پختونخوا میں پارٹی کے تنظیمی امور، صوبہ کی سیاسی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے دیرے سے سابق امیدوار صوبائی اسمبلی شاکر اللہ خان نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے گورنر ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی، ملاقات میں خیبر پختونخوا میں پارٹی کے تنظیمی امور، صوبہ کی سیاسی صورتحال اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ نوجوان (بقیہ نمبر 67)

کشتی حادثہ، ہرزون کیلئے ایف آئی اے کی ٹیمیں تشکیل

ایف آئی اے نے تحقیقاتی ٹیمیں انکوائری کمیٹی کی سفارشات پر ترتیب دیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سرائیکی کشتی حادثہ کی تحقیقات میں پیش رفت سامنے آئی ہے، اے ایف آئی اے نے تحقیقاتی ٹیمیں انکوائری کمیٹی کی سفارشات پر ترتیب دیں۔ ذرائع کے مطابق تحقیقات کے حوالے سے تازہ پیشرفت تین سے واپس آنیوالے پاکستانیوں (بقیہ نمبر 49)

سرکاری اسکیم حج جبا تیسری قسط ادائیگی کی تاریخوں کا اعلان

سرکاری حج اسکیم میں واجبات کی ادائیگی 6 تا 14 فروری تک کی جاسکتی ہے، وزارت مذہبی امور

حج آپریشن کا باقاعدہ آغاز منگل 29 اپریل 2025ء (یکم ذی القعدہ) سے ہوگا جبکہ واپسی 13 ذی الحجہ سے شروع ہوگی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت نے حج 2025ء کیلئے سرکاری اسکیم کے واجبات کی تیسری قسط کی ادائیگی کی تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے جاری بیان میں بتایا ہے کہ سرکاری حج اسکیم میں واجبات کی تیسری قسط 6 تا 14 فروری تک ناہرد بیکھوں میں حج کرائی جاسکتی ہے۔ سعودی عرب نے 2025 میں پاکستان کیلئے 179,210 حاجیوں کا کوٹہ (بقیہ نمبر 66)

اسٹیئرنگ کمیٹی محمد احمد خان پنجاب اسمبلی میں پہلی پی ایس ایل اے ایشیا اور ساؤتھ ایسٹ ایشیا ریجنل کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں

روزنامہ "عوامی لالکار" راولپنڈی 04 فروری 2025 بروز (منگل)
عوام کی آواز ہے ساتھ لالکار
روزنامہ Daily Awami Lalkar راولپنڈی
عوامی لالکار
ناشر: پیپلز پبلیکیشن ایجنسی (رجسٹرڈ) پبلشر: عزیز بلوچ
دفاتر: ایف ایم ٹاور، اسٹیڈیم روڈ راولپنڈی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بلوچستان اور دہشت گردی

ملک کے دصوبوں میں پچھلے دو برسوں سے دہشت گردی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ افواج پاکستان کی دلیر اور کارروائیوں اور جانی قربانیوں کے باوجود دہشت گردی کی سنگین وارداتیں روز کا معمول بن چکی ہیں۔ گزشتہ روز سی آئی ایس پی آر کے مطابق فلاٹ میں سیکورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 18 جوان شہید ہو گئے جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران فلاٹ میں دہشتگردوں کیخلاف کارروائی اور ہرنائی میں پاک فوج کے آپریشن کے دوران 23 دہشتگرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ضلع فلاٹ کے علاقے منگوچر میں دہشتگردوں نے روڈ بلاک کرنے کی کوشش کی جسے ناکام بنا کر 12 دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا گیا جبکہ دہشت گردوں سے لڑتے ہوئے بلوچستان ایف سی کے 18 جوان بھی شہید ہو گئے، آئی ایس پی آر کے مطابق ہرنائی میں دہشتگردوں کیخلاف موثر کارروائی کے دوران 11 دہشتگرد مارے گئے۔ کالعدم بی ایل اے نے فلاٹ میں فورسز پر حملے کی ذمہ داری قبول کر لی ہے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے بلوچستان پہنچ کر پاک فوج کے شہیدوں کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور حالات سے براہ راست آگہی حاصل کی۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ ناممکن نما دہشت مذاہمتوں کو پھی کریں ان کو شکست ضرور ہو گی۔ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے آرمی چیف کا عزم صمیم اور جوانوں کی قربانیاں بلاشبہ نہایت قابل قدر ہیں تاہم انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کے ساتھ ساتھ درپیش حالات کے تناظر میں دہشت گردی کا سلسلہ ختم نہ ہونے کے اسباب کا بے لاگ جائزہ بھی وقت کا ناگزیر تقاضا ہے۔ پچھلا سال دہشت گردی کے حوالے سے گزشتہ ایک عشرے کا بدترین سال تھا۔ سینٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز کے مطابق اس برس ملک میں مجموعی طور پر 444 دہشت گردانہ حملے ہوئے، جس میں سیکورٹی فورسز کے عہدے دار کم 685 اور کان اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ ان واقعات میں عام شہریوں اور سیکورٹی اہلکاروں کو ملا کر مجموعی طور پر 1,612 افراد شہید ہوئے جبکہ 934 شدت پسند بھی مارے گئے۔ اس سال مجموعی طور پر جو ہلاکتیں ریکارڈ کی گئیں وہ گزشتہ دو برسوں کے دوران سب سے زیادہ ہیں اور سن 2023 کے مقابلے میں 66 فیصد سے بھی زیادہ ہیں۔ تشدد کے سب سب سے زیادہ نقصان خیبر پختونخوا میں ہوا، جہاں 1616 افراد ہلاک ہوئے جبکہ بلوچستان میں 782 افراد مارے گئے۔ سی آر اے ایس کی رپورٹ کے مطابق سن 2024 میں ملک میں ہونے والے تشدد کے سینکڑوں واقعات میں مجموعی طور پر دو ہزار 546 افراد ہلاک ہوئے، جس میں عام شہریوں، سیکورٹی فورسز اور غیر مختلف گروہوں سے تعلق رکھنے والے عسکریت پسند شامل ہیں۔ یہ تمام ہلاکتیں دہشت گردانہ حملوں یا پھر انسداد دہشت گردی کی مجموعی 1166 کارروائیوں کے دوران ہوئیں۔ انسداد دہشت گردی کی بھرپور عسکری کارروائیوں کے باوجود گزشتہ سال کے بعد رواں سال میں بھی دہشت گردی کے واقعات میں کمی کے کوئی آثار نہیں۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز کے مطابق جنوری میں عسکریت پسندوں کے حملوں میں دسمبر کے مقابلے میں 42 فیصد اضافہ ہوا۔ ملک بھر میں 74 عسکریت پسند حملوں میں 120 افراد ہلاک ہوئے جن میں 52 سکیورٹی اہلکار، 20 سویلین اور 48 عسکریت پسند شامل تھے۔ اس کی وجہ بظاہر یہ ہے کہ مسئلے سے نمٹنے کیلئے صرف انسداد دہشت گردی پر توجہ دی جا رہی ہے، دہشت گردی کے اسباب کے تعین اور تدارک کا کوئی خاص اہتمام نظر نہیں آتا۔ اس مقصد کیلئے سیاسی، عسکری اور عوامی حلقوں اور تحقیقی اداروں کی وسیع تر مشاورت سے حکومت حالات کے مطابق موثر اور قابل عمل حکمت عملی وضع کر کے اس کا نفاذ عمل میں لائے تو تعبیر خیز نتیجہ ورفت کی امید کی جا سکتی ہے۔

رئیل اسٹیٹ کا نیا پیکیج

وزیراعظم کی تشکیل کردہ، وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات ریاض پیرزادہ کی سربراہی میں 11 رکنی ٹاسک فورس نے رئیل اسٹیٹ اور ہاؤسنگ کے شعبے کی ترقی اور فروغ کیلئے مراعات کا جامع پیکیج تیار کر لیا ہے۔ ٹاسک فورس کی طرف سے وفاق کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومتوں کیلئے بھی 40 سے زائد سفارشات اور تجاویز مرتب کی گئی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ان پر غور کرنے کیلئے آج اجلاس طلب کیا ہے، جس میں بریفنگ لینے کے بعد حتمی فیصلوں کی منظوری دی جائے گی۔ ٹاسک فورس نے پراپرٹی اور ہاؤسنگ کے شعبے میں گزشتہ بجٹ میں لگائے گئے ٹیکسوں پر نظرثانی کی تجویز دی ہے۔ ماہرین کی یہ آرا بجا ہیں کہ اراضی کا کم سے کم حصہ تعمیرات میں شامل کیا جانا چاہئے تاکہ تیزی سے کم ہوتے ہوئے زرعی رقبے کو ہاؤسنگ سوسائٹیوں کی نذر ہونے سے روکا جا سکے۔ حالیہ برسوں کے دوران ہاؤسنگ سوسائٹیوں، خصوصاً بڑے پلاٹوں کی تعمیرات بلکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت کے حامل زرعی شعبے پر اثر انداز ہوئی ہیں، جس سے زیر کاشت رقبہ مسلسل سکڑ رہا ہے۔ اس کیلئے ٹاسک فورس نے دو کی بجائے تین منزلہ مکانات تعمیر کرنے کی سفارش کی ہے۔ پہلی مرتبہ گھر خریدنے پر ٹیکس کی مکمل چھوٹ دینے اور جائیداد کی خرید وفروخت پر عائد وفاقی اور صوبائی ٹیکسوں پر نظرثانی کی تجویز، جائیداد وفروخت کرنے پر ٹیکسوں کی تعداد چار سے کم کر کے دو فیصد رخریداری پر، چار سے کم کر کے اعشاریہ پانچ فیصد کرنے، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی ختم کرنے اور کم آمدنی والے افراد کو سبسڈی دینے کی بھی سفارش کی گئی ہے۔ اختیاری میکانی اور ٹیکسوں کی بھرمار کے عالم میں عام آدمی کا اپنی چھت کی ضرورت پوری کرنا محض ایک خواب دکھائی دیتا ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو آئندہ بجٹ میں کم قیمت گھروں کے حصول کیلئے جس قدر ممکن ہو سکے مراعات دینی چاہئیں۔

پیکا؟

نہ اب منظور ہے پیکا کسی کو
نہ تب لوگوں کو بھایا تھا یہ قانون
وہ خود بھی آج ہیں اس کے مخالف
جنہوں نے کل بنایا تھا یہ قانون

انور شعور

جمہوریت اور آئین کے منئے گورکن؟



قلم کمان
☆☆☆
حامد میر
SMS: #HMC (space) message & send to 8001
hamid.mir@janggroup.com.pk

اس نے جمہوریت اور آزادی کی لڑائی میں کئی راتیں قبر میں گزاریں۔ وہ قبر میں راتیں تو گزارنے کے بعد صبح ہوتے ہی سڑکوں پر نکل جاتا اور صحافیوں کیساتھ مل کر۔ ہم نے لڑ کر ہیں آزادی۔ کے نعرے لگاتا۔ کہیں پولیس کی لاٹھیاں کھاتا کہیں آنسو گیس کا سامنا کرتا اور پھر شام کو گورکن کی مدد سے قبر میں چھپ جاتا۔ یہ کسی فلمی کہانی یا اردو کی کوئی افسانہ ہے بلکہ یہ پاکستانی سیاست کے ایک چھپے جاگتے کردار عاصم سرور احسن کی کہانی ہے۔ گزشتہ ہفتے جب آزادی اظہار کو قبر میں اتارنے کیلئے پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 سینٹ میں پیش کیا گیا تو میری نظریں سرور احسن کو تلاش کر رہی تھیں۔ نجانے مجھے یہ خوش فہمی کیوں تھی کہ پیپلز پارٹی کے سینیٹرز میں سے کوئی بولے نہ بولے لیکن سرور احسن آزادی اظہار کو قبر میں اتارنے کیلئے پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کو قبر میں چھپا چکا ہوگا تو میری نظریں سرور احسن کو تلاش کر رہی تھیں۔ نجانے مجھے یہ خوش فہمی کیوں تھی کہ پیپلز پارٹی کے سینیٹرز میں سے کوئی بولے نہ بولے لیکن سرور احسن آزادی اظہار کو قبر میں اتار چکا ہوگا تو میری نظریں سرور احسن کو تلاش کر رہی تھیں۔ پولیس اور سیاسی کارکنوں کو گورنر کے پکنک پوائنٹ کو وہ دن

1 بتیسمبر

آباد ہوں، وہ انتہائی حوصلے میں تھے اور انہوں نے کہا کہ ہمیں کوئی خلا نظر نہیں آیا، اگر ہمارے نمبر ہم کو کوئی خبر ناکام ہوا ہے تو قوم کے عظیم تر مفاد کیلئے ہم اور آئر ہمیں اپنی جان کی قربانی دینی پڑتا ہے تو ہم کیلئے یہ کوئی بڑی قیمت نہیں تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم کے لیے دیگر پیلوٹس کے افسران، جوانوں، یہ سالار اور دیگر ملکی اداروں کے پائلٹس میں قانون نافذ کرنے والے ادارے جو اپنے فرض کی ادائیگی کررہی ہیں، وہ تمام قوم سے میں اپنے جذبات کا اظہار کرتا ہوں کہ پاکستان کی اور خوشحالی کے راستے کی سازش کو ہم ناکام کر دیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں پوری قوم سے کہنا چاہتا ہوں کہ یہ قوت کے ساتھ ہمارے دشمن ہیں، ہم اپنے سرکیس کیسے کھو گرا تو وہ ہمارے دشمن ہیں، ہم اپنے اتحاد سے اس کا جائزہ کریں، ان کو ہم کریں تو پھر سیاسی سطح پر اور پھر سیاسی میدان میں کیسے کہ اس وقت پورے علیحدگی کے ساتھ میں اپنی تمام تو انائیاں جمع کرے دہشت گردوں کا مقابلہ کرتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ مرحوم قوم کے ہر گروہ کیلئے مشعل راہ ہیں، ہمارے ملکی کی طلبہ کیلا پہنچ خوف سے ادا کر رہے ہیں ہم کو اتحاد و اتفاق کی اپنی تحقیق ضرورت ہے، 27 سال میں کبھی بھی نہیں ہوئی ہے اور 24 کروڑ عیدائیوں اور بہنوں کے گرش گزار رہا چاہتا ہوں کہ اپنی صفوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کی کیلئے ضرورت ہے شاید یہ کبھی بھی نہیں ہوگی، ہم اپنے امید سے کہ اللہ ہم کل کو تحریک ہوں گے اور پاکستان مرخوہ گا۔

2 بتیسمبر

پرائیویٹ کالج (آج) میں مقابلہ کا واقعہ انتظار کیا جائیگا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے آج سریہ نیوز انٹیلیجنٹ ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا اور ہیڈکوارٹر کے افتتاح کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ سریہ نیوز انٹیلیجنٹ کو ریکارڈ 22 ٹرمینل کیا گیا ہے، جو ہمیں اندر باہر دارالحکومت کو مضبوط کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ انٹیلیجنٹ سریہ نیوز کیونکہ سنٹر مشاہدہ اور پیمائش کا ہوگا، الیکٹرونک انٹیلیجنٹ پروٹیج ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل سے اسلام آباد شہر کے ٹریفک کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ سریہ نیوز کیمرے منصوبہ کو بہصورت دشمنوں، پھلوں اور لینڈ سلیپ سے محرین کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں ڈی ایسے اور اگلی پوری ہم پراجیکٹ کی تکمیل پر مبارکباد کی مستحق ہے۔

3 بتیسمبر

نے اداروں کا ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، وزارت اطلاعات اور نشریات اداروں کو صلاح مشاورت بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے اور ایکشن ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں ایک تقریب کے دوران کیا۔ وزیر جیدہ ابراہیم کی تقریب صف برداری سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس موقع پر مسلح فورسز (ن) کی رہنما تنظیم جامعہ وارث قرار دکاری نیز برسے پیغام ہیڈ کوارٹر فرخ رسد، ڈائریکٹر جنرل ڈی ٹی آئی لاہور قیمتہ شاہ، مینیجر کمیونیکیشن ڈائریکٹریٹ جنرل ڈی ٹی آئی جناب محمد اللہ، محمد ریوبین ہیڈ کوارٹر ایکسٹینشن ڈائریکٹر

CPA کانفرنس پارلیمانی کالیمانی تشخیص اجاگر کرے گی، ملک احمد خان

پنجاب اسمبلی تاریخ میں پہلی بار عالمی سطح کی پارلیمانی کانفرنس کی میزبانی کرنے جا رہی ہے ہر لمحہ تاریخی بنے گا، اسپیکر پنجاب اسمبلی

ہر پہلو پر گہری نظر رکھی جائے، بہترین انتظامات یقینی بنائے جائیں، یہ کانفرنس نہ صرف پنجاب بلکہ پورے پاکستان کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی ثقافت کو فروغ دینے کا سنہری موقع ہے، ملک محمد احمد خان نے کہا کہ غیر ملکی مندوبین کو بہترین سفارتی ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، پارلیمانی اسمبلی تاریخ میں پہلی بار عالمی (بقیہ نمبر 11)

پارلیمانی تعاون کو فروغ دینے کا سنہری موقع ہے، پی پی اے کانفرنس پاکستان کے پارلیمانی تشخیص کو عالمی سطح پر اجاگر کرے گی، پارلیمانی انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پی پی اے کانفرنس عالمی پارلیمانی تعاون کو فروغ دینے کا سنہری موقع ہے، پی پی اے کانفرنس پاکستان کے پارلیمانی تشخیص کو عالمی سطح پر اجاگر کرے گی، یہ کانفرنس پنجاب کی پارلیمانی روایات اور اقدار کو نمایاں کرے گی، ہر قدم پر ہمارا مقصد پنجاب کو بہترین سطح پر پیش کرنا ہے، پنجاب اسمبلی تاریخ میں پہلی بار عالمی (بقیہ نمبر 11)

انتظامات کا جائزہ لیا، اسپیکر نے کہا کہ اس بی پی اے کانفرنس کے لیے فول پروف سیکیورٹی سمیت تمام انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پی پی اے کانفرنس عالمی پارلیمانی نظام کو فروغ دینے کا سنہری موقع ہے، ملک محمد احمد خان کی زیر قیادت پنجاب اسمبلی تاریخ میں پہلی بار عالمی (بقیہ نمبر 11)

پیپلز پارٹی کا مسٹر MNA's مبتناء اسکیمیں بحال کا مطالبہ

سات ماہ میں 460 ارب کے ریونیو شارٹ فال کے باوجود ترقیاتی اسکیمیں بحال، SAP پروگرام کا بجٹ بڑھا کر 50 ارب روپے کر دیا

چیئرمین سینیٹ، ڈپٹی سپیکر نے ختم شدہ فنڈز بحالی کیلئے خطوط لکھنے، حکومت نے مالی بحران کے باوجود حکومتی اراکین کیلئے فنڈز کی تقسیم کا فیصلہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اپنی اہم اتحادی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کا مطالبہ کر دیا اور اراکین پارلیمنٹ کی متاثرہ ترقیاتی اسکیمیں بحال کر دیں۔ ذرائع کے مطابق سات ماہ میں 460 ارب روپے کے ریونیو شارٹ فال کے باوجود ترقیاتی اسکیمیں بحال کر دی گئیں، ایس ایف پی پروگرام کا بجٹ 25 ارب سے بڑھا کر 50 ارب روپے کر دیا (بقیہ نمبر 11)

بیٹے نے دوسری شادی کرنے پر والدہ کیساتھ مل کر باپ کو قتل کر دیا

چنیاں (این این آئی) چنیاں تھانہ آباد کی حدود میں سوتیلے بیٹے نے باپ کو والدہ کے ساتھ دوسری شادی کرنے پر فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 14)

پاکستانی ہندوؤں کی استھیاں کراچی سے لاہور پہنچا دی گئیں

400 استھیاں واہگہ بارڈر کے راستے بھارت روانہ کی جائیں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان میں بسنے والے ہندوؤں کی استھیاں کراچی سے لاہور پہنچا دی گئیں، 400 استھیاں واہگہ بارڈر کے راستے بھارت روانہ کی جائینگی۔ لاہور ریلوے اسٹیشن سے استھیاں گروودوارہ ڈیرہ صاحب لاہور لائی گئیں۔ ایکٹی فائو نیشن کے (بقیہ نمبر 13)

پولیو ٹیم پر فائرنگ، پولیس اہلکار شہید، مہم روک دی گئی

گھات لگائے دہشتگردوں نے انسداد پولیو مہم کے قریب فائرنگ کھول دی

خیبر (این این آئی) انتہائی محفوظ علاقہ حدود جمرود کے علاقے بکر آباد میں گھات لگائے دہشتگردوں نے انسداد پولیو مہم میں مصروف لیڈی ہیلتھ ورکر پر فائرنگ کی۔ دہشتگردوں نے انسداد پولیو مہم میں مصروف لیڈی ہیلتھ ورکر پر فائرنگ کی جس کے (بقیہ نمبر 2)

9 مئی زرتاج گل اور خیال احمد کا سٹرو پر فرد جرم عائد

فیصل آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت میں 9 مئی مقدمات کی سماعت ہوئی، زرتاج گل عدالت پیش نہ ہوئی

پولیس وین کو جلانے، توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کیس میں فرد جرم عائد کرتے ہوئے مزید سماعت 6 فروری تک ملتوی کر دی

فیصل آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما زرتاج گل اور سابق صوبائی وزیر خیال احمد کا سٹرو پر 9 مئی مقدمات میں فرد جرم عائد کر دی گئی

پیر کو فیصل آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت میں 9 مئی مقدمات کی سماعت ہوئی، زرتاج گل عدالت پیش نہ ہوئی، پی ٹی آئی رہنما کے وکیل عدالت میں پیش ہو کر حاضری لگوا کر عدالت سے زرتاج گل کی غیر حاضری کا استدعا کیا، پولیس وین کو جلانے، توڑ پھوڑ (بقیہ نمبر 24)

عالمی شہرت یافتہ پاکستانی ادیبہ بیگی سدھوا کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک تقریب میں لیا گیا گروپ فوٹو

این آئی ایس پی پی / تقریب

ادیبہ بیگی سدھوا کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے تقریب کا انعقاد

لاہور (ایس پی پی) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک پالیسی (این ایس پی پی) کے زیر اہتمام عالمی شہرت یافتہ پاکستانی ادیبہ بیگی سدھوا کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جلیل ذکر مقررین میں منیزہ ہاشمی، بیرن (بقیہ نمبر 27)

پاکستان میں شرح پیدائش میں کمی، اقوام متحدہ نے ورلڈ ٹریبلیٹی رپورٹ جاری کر دی

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ نے ورلڈ ٹریبلیٹی رپورٹ جاری کر دی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ 2024ء کی (بقیہ نمبر 25)

پنجاب وائٹل لائف کے انتظامی عہدوں کے نام تبدیل کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب وائٹل لائف کے انتظامی عہدوں کے نام تبدیل کر دیئے گئے۔ ٹینڈرنگ کے مطابق ڈائریکٹر جنرل وائٹل لائف کو چیف وائٹل لائف رجسٹرار بنایا جائے (بقیہ نمبر 2)

مراکش کشتی حادثے میں بچ جانیوالے 11 افراد کو لواحقین گھر پہنچ گیا

ہمیں چھوٹوں سے مارا گیا، جس کی وجہ سے وہ شدید زخمی ہو گئے، ان کے پاؤں اب بھی زخمی ہیں، وہ صحیح طریقے سے چل بھی نہیں پاتے

عامرعلی نے بتایا کہ وہ 6 ماہ قبل گھر سے سپین جانے کیلئے روانہ ہوا تھا لیکن اس کا سفر انتہائی خطرناک اور تکلیف دہ ثابت ہوا

گجرانوالہ (این این آئی) مراکش سے کشتی حادثے میں بچ جانے والا گجرانوالہ کا رہائشی نوجوان عامرعلی گھر پہنچ گیا۔ عامرعلی نے بتایا کہ وہ 6 ماہ قبل گھر سے سپین جانے کیلئے روانہ ہوا تھا لیکن اس کا سفر انتہائی خطرناک اور تکلیف دہ ثابت ہوا، انہیں لیبیا سے جہاز پر اور (بقیہ نمبر 28)

پاکستان میں زراعت کے شعبے میں معیشت کی بہتری کے بے پناہ صلاحیت موجود ہے

پاکستان میں فوڈ سیفٹی کو بہتر بنانے کے لیے حکومت پاکستان اور FAO کے اشتراک میں اہم پیشرفت

اسلام آباد (فائنڈ عوامی للکار) پاکستان فوڈ کنٹرول کے ایک جامع نظام کی تشخیص کے آغاز کے ساتھ اپنے فوڈ سیفٹی اور کوالٹی ریگولیٹری نظام کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ حکومت پاکستان کی جانب سے درخواست کردہ اس اقدام کو اقوام متحدہ کی خوراک اور زراعت کی تنظیم (FAO) وزارت منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات اور وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے تعاون سے سہولت فراہم کرے گی۔ یہ اقدام فوڈ کنٹرول سسٹم میں شامل تمام متعلقہ شراکت داروں کو یکجا کرے گا جس کے نتیجے میں بہتری کے لیے تفصیلی سفارشات اور فوڈ کنٹرول کے لیے ایک اسٹریٹجک منصوبہ تیار کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ ساز اداروں کو مستقبل کی منصوبہ سازی کے لیے ایک مجتمع اطلاع فراہم کرے گا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ایک ویڈیو پیغام میں اس اقدام کی مکمل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے صحت عامہ اور اقتصادی ترقی دونوں کے لیے فوڈ (بقیہ نمبر 4 5)

FAO اسلام آباد میں فوڈ ویلیو ایڈیشن ایکسلریٹر کی تقریب کی جانب سے وزارت منصوبہ بندی اور قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے اشتراک سے پاکستان کے فوڈ خوراک کے کنٹرول کے نظام پر منعقد ورکشاپ کے شرکاء کا گروپ فوٹو میں موجود ہیں

بلدیاتی نمائندوں کا ایک بار پھر سڑکوں پر نکلنے کا فیصلہ

لوکل کونسلز ایسوسی ایشن خیبر پختونخوا کا اہم اجلاس (آج) پشاور میں طلب

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے بلدیاتی نمائندوں نے ایک بار پھر سڑکوں پر نکلنے کا فیصلہ کرتے ہوئے ایک ماہ گزرنے کے بعد مسائل حل نہ ہونے پر اہم اجلاس (آج) منگل کو طلب کر لیا۔ تصفیات کے مطابق لوکل کونسلز ایسوسی ایشن خیبر پختونخوا کا اہم اجلاس (آج) منگل کو پشاور میں طلب کیا گیا ہے جس میں لوکل کونسلز ایسوسی ایشن ممبران خیبر (بقیہ نمبر 43)

عورت مارچ' اجازت کی درخواست پر فیصلہ کا حکم

حکومت اسی لئے ہوتی ہے ہر چیز کو ساتھ لیکر چلے، رپورٹ 6 فروری کو پیش کی جائے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے خواتین کی 12 فروری کو عورت مارچ کی اجازت کیلئے دائر درخواست پر انتظامیہ کو درخواست گزار خواتین کا موقف سن کر فوری فیصلہ کرنے کی حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس انوار حسین نے خواتین کی درخواست پر سماعت کی۔ سیکرٹری ڈپٹی کمشنر نے موقف اپنایا، کہ تین ماہ کی آپریشنل ایونٹ کا اجیر ہوا میں، انہی نازکیں (بقیہ نمبر 36)

وزیر محیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کھیلتا پنجاب کمبر کے فائنل مرحلے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سپیکر کی DNA میں لیویز کارڈ ہی دہشتگرد کے حملے کی مذمت

امن کی خاطر اہلکاروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، خوارجی دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے

ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں، ایسے شرپسند عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنا جانئے گا، ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کوئی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈیرہ اسماعیل خان میں لیویز کی گاڑی پر خوارجی دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں امن کے قیام کی خاطر سکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی خوارجی دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے۔ پیر کو اپنے بیان میں نیشنل کوئی اسمبلی سردار ایاز صادق نے لیویز اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور شہید ہونے والے لیویز اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ نیشنل سردار ایاز صادق نے شہداء کے لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ صادق نے شہداء کے لواحقین کے ساتھ دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا، انہوں نے کہا کہ خوارج دہشتگرد ہیں، ایسے شرپسند عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ملک سے دہشتگردی کے خاتمے تک، دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں یکسو ہے، دہشتگردی کے ساتھ کوئی بلیک اور گرے ایریا نہیں ہے۔ نیشنل سردار ایاز صادق نے کہا کہ خوارج دہشتگرد ہیں، ایسے شرپسند عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنا جانئے گا، ملک سے دہشتگردی کے خاتمے تک، دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں یکسو ہے، دہشتگردی کے ساتھ کوئی بلیک اور گرے ایریا نہیں ہے۔ نیشنل کوئی اسمبلی نے شہداء کے لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

پاکستان کے خالق چوہدری رحمت علی کی برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک آزادی کے نامور رہنما اور لفظ "پاکستان" کے خالق چوہدری رحمت علی کی برسی پر عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ چوہدری (بقیہ نمبر 2 2)

ساہیوال، باراتیوں کی گاڑی کو حادثہ، ڈلہاڑ دلہن جاں بحق

بارات سندھ سے چوکی آربھی تھی حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث پیش آیا

ساہیوال (این این آئی) ساہیوال میں باراتیوں کی گاڑی کو فریک حادثہ پیش آیا جس میں ڈلہاڑ دلہن جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ساہیوال میں قومی شاہراہ پر فریک حادثہ پیش آیا جس میں باراتیوں کی گاڑی درخت سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں ڈلہاڑ دلہن جاں بحق اور 9 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ بارات سندھ سے چوکی واپس (بقیہ نمبر 20)

صدر مملکت چین کے دورے پر آج روانہ ہوں گے

چینی صدر سے ملاقات، سی پیک فیز 2 سمیت دیگر باہمی امور پر مشاورت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری (آج) منگل کو 4 روزہ دورے پر چین روانہ ہوں گے۔ صدر کے دورہ چین کے حوالے سے ایڈوائزر کیوں کی چین روانگی شروع ہو گئی، صدر کی چینی قیادت کیساتھ اہم ملاقاتیں بھی متوقع ہیں۔ صدر آصف علی زرداری 4 سے 8 فروری تک چین کا سرکاری دورہ کریں گے، صدر کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا (بقیہ نمبر 19)

سوناولیٹیئر فاؤنڈیشن کا عزم: صحت مند کمیونٹیز کیلئے خوشحالی کا فروغ

سوناولیٹیئر فاؤنڈیشن (SWF)، جوالیف ایف سی کا مکمل شراکت دار، پائیدار ترقی کے لیے پرعزم

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سوناولیٹیئر فاؤنڈیشن (SWF)، جو الیف ایف سی کا مکمل شراکت دار ہے، اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کو آگے بڑھانے کے لیے مشن کے تحت پائیدار ترقی کے لیے پرعزم ہے۔ یہ فاؤنڈیشن اپنے آپریشنل معیار کے ذریعے معاشرتی مسائل کو حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے، اور صحت میں برابری کو اپنی بنیادی ترجیح بناتے ہوئے یہ ثابت کرتا ہے کہ سائنسی اور خوشحال کمیونٹیز کا قیام ممکن ہو سکے۔ میر پور خاص کے علاقے میں حساس معذوریوں جیسے کہ اعصابی کی معذوری اور بانجھ پن کے مسائل کے حل کے لیے، سوناولیٹیئر فاؤنڈیشن نے صحت کے معروف پلیٹ فارم "صحت کہانی" کے ساتھ مل کر 26 اور 27 جنوری 2025 کو دو روزہ معذوری اسکریننگ کیمپ کا انعقاد کیا۔ اس کیمپ میں 315 معذور افراد (PWDs) کی جانچ پڑتال ایک ماہر ہم (بقیہ نمبر 2)

AC صدر رنگریز گورا ویلیس پراجیکٹ کے تحت مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کی کیمپین رہے ہیں

محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کیلئے قانون سازی ضروری قرار

عالمی ڈیٹا پروٹیکشن ڈے کے موقع پر نیشنل پرائیویسی کانفرنس کا انعقاد

اسلام آباد (این این آئی) ڈیجیٹل رائٹس فاؤنڈیشن نے عالمی ڈیٹا پروٹیکشن ڈے کے موقع پر نیشنل پرائیویسی کانفرنس 2025ء کا انعقاد کیا جس میں ماہرین نے ڈیٹا پرائیویسی اور پاکستان میں ڈیٹا پروٹیکشن (بقیہ نمبر 33)

سپریم کورٹ بار نے جج ٹرانسفر ز کو خوش آئند قرار دیدیا

آئین کا آرٹیکل 200 صدر کو جج ٹرانسفر ز اجازت دیتا ہے، اہم اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ بار نے ہائیکورٹ میں جج ٹرانسفر ز کو خوش آئند قرار دے دیا۔ سپریم کورٹ بار نے اپنے جاری اعلامیہ میں کہا ہے کہ سپریم کورٹ بار ہمیشہ قانون کی حکمرانی عدلیہ کی آزادی کیلئے کھڑی ہوئی ہے، سپریم کورٹ بار کی ایگزیکٹو کمیٹی سے سرکولیشن کے ذریعے جج ٹرانسفر ز رائے لی گئی۔ اعلامیہ میں کہا (بقیہ نمبر 3 4)

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کوپولیو کے قطرے پلانے کا مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

منشیات فروشوں کیلئے کوئی ڈھیل یا ڈیل نہیں، نقوی

منشیات کا کاروبار کرنے والے عناصر کیخلاف بلا امتیاز ایکشن لیا جائے، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس محسن نقوی نے کہا ہے کہ منشیات کے خلاف پالیسی کو سرجھوت قانون کی گرفت میں لایا جائے، تعلیمی اداروں میں منشیات نصوصاً آئس فروخت کرنے والے عناصر کیخلاف تحت کارروائی جاری رکھی جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی کی زیر صدارت تعلیمی اجلاس ہوا جس میں منشیات کی (بقیہ نمبر 39)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر 3 ارب ڈالر سے بڑھنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی رقوم جاری مالی سال کے دوران 35 ارب ڈالر سے بڑھنے کا امکان ہے۔ ہاپ لائن سکیورٹیز کی رپورٹ کے مطابق زرمبادلہ کی غیر قانونی منتقلی کی حوصلہ شکنی اور سمندر پار افرادی قوت کی تعداد میں اضافہ کے نتیجہ میں رواں (بقیہ نمبر 47)

پیپلز پارٹی کا پیکا قانون پر میڈیا تنظیموں سے مشاورت کی جائے، سعدیہ رفیق

پیکا قانون پر میڈیا تنظیموں سے مشاورت کی جائے، سابق وفاقی وزیر نے بھی منظور ہونیوالے پیکا قانون پر آواز بلند کر دی

واضح رہے کہ متنازع پیکا ترمیمی قانون کے خلاف صحافیوں کا ملک بھر میں احتجاج جاری ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے بھی پیکا قانون پر میڈیا تنظیموں سے مشاورت کی جائے۔ سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے بھی بلند کی ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما خواجہ سعد رفیق نے سوشل میڈیا پر جاری جان بچان میں کہا ہے کہ پیکا قانون پر فرنٹیئر میڈیا تنظیموں سے مشاورت کی جائے اور اپریشنز ہونگی (بقیہ نمبر 1)

فیصل آباد۔ سقرا پنجاب کے تحت صفائی آپریشن جاری ہے

کیا گیا زری ٹیکس نہ لگایا تو آئی ایم ایف ٹیم نہیں آئیگی، اورنگ

ڈیفالٹ ہو جائے گا، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو ٹیکس کا گڑھ (بقیہ نمبر 18)

لاہور پولیس کا اشتہاری وعادی مجرمان کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑے (بقیہ نمبر 17)

ستھرا پنجاب پروگرام پر بھرپور انداز میں عملدرآمد جاری

عباس بخاری کی نشاندہی پر ویسٹ ورکرز نے کچرے کے ڈھیروں کو ٹھکانے لگایا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ستھرا پنجاب پروگرام پر بھرپور انداز میں عملدرآمد جاری ہے اس ضمن میں کوڑا کے ڈھیروں کا فوری صفایا کرایا جا رہا ہے جنکر عوامی شکایات کا ازالہ بھی ترجیح ہے۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیوئی عباس بخاری کی نشاندہی پر ویسٹ (بقیہ نمبر 16)

فیصل آباد۔ ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر سید ندیم بدر دیگر اداروں کی ایکشن کر رہے ہیں

ٹھیکیدار کے منظور نظر کی خاتون ورکر کو گالم گلوچ سینٹری ورکرز نے ہڑتال کر دی

حاضری پوائنٹ دور عملے کا اظہار تشیش گاڑیوں کے لیے پیٹرول بھی پورا نہیں دیا جاتا نہ ہی ہمیں ریڑھیاں دی گئی ہیں

ٹھیکیدار نے آتے ہی ہڑتال کرنے والے ورکرز پر چڑھائی کر دی اخبار RWMC اور چاند مبین بھی موقع پر پہنچے سب نے حالات کو کنٹرول کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ارائین پارلیمنٹ کی تنخواہوں میں 300 فیصد اضافے کے بعد سوال کرنے والے ڈنڈ بیڑی جاری کر دیے گئے۔ ذرائع کے مطابق ترقیاتی اسکیموں کا (بقیہ نمبر 4 5)

اے ہی خیر نظر ہو ترے ورکرز کے تحفظات دور کیے شاہین بلدیاتی فیڈریشن کے عہدداران نے مذاکرات میں پلی کا کردار ادا کیا

کوٹ مرتضیٰ (فرخ شاہد) بلدیہ کوٹ مرتضیٰ کے سرکاری سینٹری ورکرز نے آج تک ٹھیکیدار کے منظور نظر ہمیں شاہ کے خاتون ورکر کیساتھ نازیبا سلوک اور گالم گلوچ کرنے پر ہڑتال کا اعلان کر کے صفائی ستھرائی کے عمل کو روک دیا ورکرز نے ٹھیکیدار اور ایک کمسن شاہ کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے کہا کہ ہم ان کے ساتھ نہیں چل سکتے ہمارے ساتھ تک آمیز رویہ اختیار کیا جاتا ہے ہی گاڑیوں کے لیے پورا پیٹرول دیا جاتا ہے ہی ہمیں کام کے لیے پورا پیٹرول دیا جاتا ہے ہی ہمیں دستانے نہیں دی جاتی ہے کوئی کوئی اجازت نہیں دی جاتی ہے کوئی ہمیں کہا گیا کہ کنٹرول ہی 32 ورکرز کی جانے کی جبکہ خواہ 37 ہزار ہے ہمارا آر ڈیلیو ایم سی میں ہمیں کام کیلئے چل رہا کم کو ہولیات میں بھی صفائی ستھرائی کا عمل احسن طریقے سے سرانجام دیا جا رہا تھا کے ٹھیکیدار نے ریڑھیوں سمیت دھکا لگا دیا ابھی تک فراہم نہیں کیے اتھاس کے منظور نظر ہم پر رعونت بنا کر کام لینا چاہتے ہیں جبکہ حاضری کے لیے پوائنٹ 3 کلومیٹر دور ہونے کی وجہ سے بھی ہمیں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ہمارے جائز مطالبات کی منظوری تک ہم کام نہیں کریں اس دوران شاہین بلدیاتی فیڈریشن کے سیکرٹر نائب (بقیہ نمبر 5 4)

ضرورت نمائندگان

عوامی للکار Daily Awami Lalkaar

LALKAAR

دُنیا بھر سے میل / فی میل نمائندگان کی فوری ضرورت ہے

آپ صحافی بننا چاہتے ہیں

آپ کو لکھنے کا شوق ہے

آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی

تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہو جائیں۔

بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | پولیٹیکل رپورٹر | لیڈی رپورٹر | سٹی رپورٹر | نمائندہ خصوصی | کرائم رپورٹر | نامہ نگار | سٹاف رپورٹر | مارکیٹنگ بزنس رپورٹر | جنرل رپورٹر

نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے

0312-7786354